# بچوں کیلئے تخلیقی تحریر کی ورکشاپ 'قصہ و قلم' اختتام پذیر

نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) ساہتیہ اکادمی کے زیر اہتمام منعقدہ پانچ روزہ تخلیقی تحریری ورکشاپ 'قصہ و قلم' اختتام پذیر ہوگئی۔ اس میں دہلی اور آس پاس کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے ۴۳



بچوں نے حصہ لیا۔ تربیتی نشستوں میں بچوں کو زبان، تخلیقی اظہار اور خود احتسابی جیسے ادبی عناصر سے روشناس کرایا گیا۔ ورکشاپ میں مدعو مہمان میگھا گپتا تھیں، جنھوں نے ماحولیات پر مبنی کہانیوں پر بچوں سے گفتگو کی۔ اختتامی دن بچوں کے والدین کو مدعو کیا گیا، اور ساہتیہ اکادمی کے سکریٹری ڈاکٹر کے سرینواس راؤ نے شرکاء کو اسناد پیش کیں۔ پروگرام کی نگرانی ڈاکٹر این سریش بابو نے کی، جبکہ مرکنینی گپتا نے رابطے کا فریضہ انجام دیا۔ راجستھان سے خصوصی طور پر آئے ایک طالب علم کی شرکت نے تربیت کاروں کی حوصلہ افزائی میں اضافہ کیا۔